| ROLL NUMBER | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

| Version No. | | | |
|---|---|---|---|
| 4 | 0 | 3 | 2 |

FEDERAL BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION ISLAMABAD

# اردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی -II

## حصہ اوّل (کُل نمبر 20)

وقت: 25 منٹ

**Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.**

*Do not use lead pencil.*

حصہ اول لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**Answer Sheet No.** ____________

**Invigilator Sign.** ____________

**Candidate Sign.** ____________

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پر کریں۔

**Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:**

www.eduvision.edu.pk

| | سوال | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | "احمد کی کتاب" کون سا مرکب ہے؟ | مرکبِ تام | مرکبِ اضافی | مرکبِ توصیفی | مرکبِ عطفی |
| .2 | غزل کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ و ہم ردیف ہوں کیا کہلاتا ہے؟ | مطلع ثالث | مقطع | مطلع | مطلع ثانی |
| .3 | "عمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن" اس مصرعہ میں کس صفت کا استعمال ہوا ہے؟ | صفت الاعداد | صفتِ نسبتی | صفتِ کُل | صفتِ ذات |
| .4 | کسی بات کی ایسی خوش نُما اور شاعرانہ وجہ بیان کرنا جو حقیقت میں اصلی وجہ نہ ہو۔ کیا کہلاتی ہے؟ | تلمیح | کنایہ | حُسنِ تعلیل | تشبیہ |
| .5 | ( ) یہ علامت کیا کہلاتی ہے؟ | سوالیہ | خط | واوین | قوسین |
| .6 | بنا ہے کوٹ یہ نیلام کی دُکاں کے لیے "صلائے عام ہے یارانِ نقطہ داں کے لیے" ______ کی مثال ہے: | صنعتِ تضمین | صنعتِ تضاد | صنعتِ تکرار | صنعت تلمیح |
| .7 | کاش! ہم میچ جیت جائیں۔ اس جملے میں اصل فعل کیا ہے؟ | جیتنا | کاش! | میچ | جانا |
| .8 | "مظروف کہہ کر ظرف مُراد لینا" ______ کی مثال ہے۔ | تشبیہ کی | کنایہ کی | مجازِ مُرسل کی | استعارہ کی |
| .9 | احمد نے میری بات توجہ سے سُنی۔ اس جملے میں "توجہ سے" کون سا فعل ہے؟ | فعل ناقص | متعلق فعل | فعل حال | فعل مستقبل |
| .10 | کسی شخص کا اپنی سرگزشتِ زندگی خود تحریر کرنا کیا کہلاتا ہے؟ | رپور تاژ | رپورٹ | روداد | آپ بیتی |
| .11 | "شام ہی سے بجھا سا رہتا ہے" یہ مصرعہ کس کی مثال ہے؟ | استعارہ کی | مجازِ مُرسل کی | کنایہ کی | تشبیہ کی |
| .12 | کسی چیز کو بالکل دوسری چیز قرار دے دینا کیا کہلاتا ہے؟ | تشبیہ | استعارہ | کنایہ | مجاز مُرسل |
| .13 | صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے / عمر یوں ہی تمام ہوتی ہے — یہ شعر ______ کی مثال ہے۔ | تضاد | لف و نشر | مراعاۃ النظیر | تلمیح |
| .14 | کنایہ کی ______ اقسام ہیں۔ | دو | پانچ | چار | تین |
| .15 | میرا بیٹا چاند کی مانند حَسین ہے۔ اس جملے میں "وجہ شبیہ" کیا ہے؟ | عمر | چاندنی | حُسن | روشنی |
| .16 | کچھوا منزل پر پہنچ گیا مگر خرگوش سوتا رہ گیا۔ یہ کس قسم کے جملے کی مثال ہے؟ | استفہامی جملے کی | تابع جملے کی | سببی جملے کی | استدراکی جملے کی |
| .17 | کتاب اور اخبار لے آؤ۔ اس جملے میں "اور" کیا ہے؟ | حرفِ جار | حرفِ عطف | حرفِ تاکید | حرفِ اضافت |
| .18 | "بوتل پی لیں۔" علم بیان کی رُو سے کس کی مثال ہے؟ | کنایہ کی | تشبیہ کی | استعارے کی | مجاز مُرسل کی |
| .19 | ہم اپنے گھر پہنچ گئے۔ اس جملے میں "گئے" کون سا فعل ہے؟ | امدادی فعل | فعل ناقص | متعلق فعل | فعل مستقبل |
| .20 | افسوس گاڑی چھوٹ گئی۔ اس جملے میں "افسوس" کے بعد کونسی علامت آئے گی؟ | :- | ؟ | ! | ( ) |

—2HA-I 2303—



II

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی - II

وقت: 2:35 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اور سوم: 80

**نوٹ:** حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہیں۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوئم (کُل نمبر 36)

**سوال نمبر ۲: (الف) حصہ نثر:**

**پیراگراف پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات میں سے پانچ کے جوابات لکھیں:** (5 x 3 = 15)

میں نے باتوں باتوں میں یہ بھی کوشش کی کہ مولوی صاحب کی طبیعت کا اندازہ لگاؤں۔ پہلے تو ذرا بند بند رہے، لیکن آخر میں بالکل کُھل گئے۔ میں نے جو رائے اُن کے متعلق قائم کی ہے، وہ سُن لیجیے۔ سب سے پہلے تو یہ ہے کہ ان میں ظرافت کا مادہ بہت تھا، لیکن یہ ظرافت اکثر رکاکت کی صورت اختیار کر لیتی تھی۔ کسی کو بُرا بھی کہتے تو ایسے الفاظ میں کہتے کہ سُننے سے تکلیف ہوتی اور جب کہنے پر آتے تو پھر یہ نہ دیکھتے کہ میں کیا کہہ رہا ہوں اور کس کے سامنے کہہ رہا ہوں۔ نتیجہ اکثر یہ ہوتا ہے لوگ ادھر سے اُدھر لگا دیتے اور مولوی صاحب کی کسی نہ کسی سے بگڑ جاتی۔ شاید ہی کوئی بھلا آدمی ہوگا، جو سچے دل سے اُن کو چاہتا ہو۔ اِن کے علم، ان کی سمجھ، ان کی زود فہمی کا اور ان کی طبع رسا کی سب تعریف کرتے ہیں۔ لیکن ان کی طبیعت کے سب شاکی ہیں اور وہ خود بھی اس سے بیزار تھے۔

**سوالات:**

(i) مصنف باتوں باتوں میں کس چیز کا اندازہ لگانا چاہتے تھے؟

(ii) "پہلے تو ذرا بند بند رہے" اس جملے کی وضاحت کریں۔

(iii) مصنف کو کیسے پتا چلا کہ مولوی صاحب کی ظرافت، رکاکت میں بدل جاتی ہے؟

(iv) مولوی صاحب کو لوگ سچے دل سے کیوں نہیں چاہتے تھے؟

(v) مصنف کے نزدیک مولوی صاحب کی اپنے بارے میں کیا رائے تھی؟

(vi) مولوی صاحب کی کوئی سی تین خوبیاں بتائیں۔

(vii) مندرجہ بالا پیراگراف کی تلخیص کریں۔

www.eduvision.edu.pk

**ب۔ حصہ نظم:**

**مندرجہ ذیل اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات میں سے تین کے جوابات لکھیں:** (3 x 3 = 09)

ہم تو مائل بہ کرم ہیں، کوئی سائل ہی نہیں ... راہ دکھلائیں کسے؟ رہروِ منزل ہی نہیں
تربیت عام تو ہے، جوہر قابل ہی نہیں ... جس سے تعمیر ہو آدم کی یہ وہ گِل ہی نہیں
کوئی قابل ہو تو ہم شانِ کئی دیتے ہیں
ڈھونڈنے والوں کو دنیا بھی نئی دیتے ہیں

**سوالات:**

(i) شاعر نے اللہ تعالیٰ کا کرم حاصل کرنے کی کیا شرط بتائی ہے؟

(ii) کسی قوم کی ترقی کے لیے تربیت کے ساتھ ساتھ اور کس چیز کی ضرورت ہوتی ہے؟

(iii) "جس سے تعمیر ہو آدم کی یہ گِل ہی نہیں" اس مصرعے کی وضاحت کریں۔

(iv) مندرجہ بالا بند کا مرکزی خیال لکھیں۔

**(یا)**

اے دوست دل میں گردِ کدورت نہ چاہیے ... اچھے تو کیا، بُروں سے بھی نفرت نہ چاہیے
کہتا ہے کون، پھول سے رغبت نہ چاہیے ... کانٹے سے بھی مگر تجھے وحشت نہ چاہیے
کانٹے کی رگ میں بھی ہے لہو مرغزار کا
پالا ہُوا ہے وہ بھی نسیم بہار کا

**سوالات:**

(i) شاعر اپنے دوست کو کیا نصیحت کرتا ہے؟

(ii) "کہتا ہے کون، پھول سے رغبت نہ کیجیے" اس مصرعے کی وضاحت کریں۔

(iii) پہلے شعر میں موجود قافیے اور ردیف کی نشاندہی کریں۔

(iv) مندرجہ بالا بند کا مرکزی خیال لکھیں۔

**(ج) حصہ غزل:**

**مندرجہ ذیل اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات میں سے کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیں:** (2 x 3 = 06)

(i) زندگی شمع کی مانند جلاتا ہوں ندیم
بجھ تو جاؤں گا مگر صبح تو کر جاؤں گا

(ii) وقت کی ڈور خدا جانے کہاں سے ٹوٹے
کس گھڑی سر پہ یہ لٹکی ہوئی تلوار گرے

(iii) جس دھج سے کوئی مقتل میں گیا، وہ شان سلامت رہتی ہے
یہ جان تو آنی جانی ہے اس جاں کی تو کوئی بات نہیں

**سوالات:**

(i) پہلے شعر میں تشبیہ کا استعمال ہوا ہے، اس میں حرفِ تشبیہ کی نشاندہی کریں۔

(ii) دوسرے شعر کا مفہوم بیان کریں۔

(iii) تیسرے شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(د) حصہ قواعد:

کوئی سے دو سوالوں کے جوابات لکھیں: (2 x 3 = 06)

(i) صنعتِ تلمیح کی مختصر وضاحت کریں اور ایک شعری مثال دیں۔

(ii) استعارہ کیا ہوتا ہے؟ اور ایک مثال سے وضاحت کریں۔

(iii) مندرجہ ذیل شعر میں قافیہ اور ردیف کی نشاندہی کریں:

سفرِ منزلِ شب یاد نہیں  لوگ رخصت ہوئے کب یاد نہیں

## حصہ سوئم (کل نمبر 44)

**سوال نمبر ۳: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں:** (06)

الف۔ مجھے روڈ رولر پر سفر کرتے ہوئے اب تقریباً دو گھنٹے ہو چکے تھے۔ سو میں نے ڈرائیور سے کہا: بابا جی! اب مجھے اُتار دیں۔ میں واپس گھر جانا چاہتا ہوں۔ ڈرائیور نے کہا کوئی بات نہیں میں روڈ رولر پر آپ کو گھر چھوڑ آتا ہوں، مگر میں نے کہا: شکریہ مجھے ذرا جلدی گھر پہنچنا ہے۔ سو میں روڈ رولر سے اُتر کر تیز تیز قدموں سے گھر کی طرف روانہ ہو گیا۔

ب۔ ان کلرکوں میں ہر عمر کے لوگ تھے۔ ایسے کم عمر بھولے بھالے ناتجربہ کار بھی جن کی ابھی مَسیں بھی پوری نہیں بھیگی تھیں۔ اور جنھیں ابھی سکول سے نکلے تین مہینے بھی نہیں ہوئے تھے اور عمر رسیدہ جہاں دیدہ گھاگ بھی جن کی ناک پر سالہا سال عینک کے استعمال کے باعث گہرا نشان پڑ گیا تھا اور جنھیں اس سڑک کے اُتار چڑھاؤ دیکھتے دیکھتے پچیس پچیس تیس تیس برس ہو چکے تھے۔

**سوال نمبر ۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی آسان لفظوں میں تشریح کریں۔** (06)

الف۔
بادلو! دُھند کی مانند بکھرنا سیکھو
یہ بھی کیا اوجِ ثریا پہ گرجتے رہنا
زخمی چیتے کی طرح خود پہ بگڑتے رہنا
یا تو آنا ہی نہ دھرتی کی عیادت کے لیے
اور اگر آنا تو اک برق سی بن کر آنا
کسی نادار کے خرمن کو جلانے کے لیے

ب۔
اُٹھاؤ تیغ بے اماں، وطن کے پاک نام پر
لُٹا دو عمرِ نوجوان، وطن کے پاک نام پر
نثار کردو اپنی جاں، وطن کے پاک نام پر
صدائیں دیتا ہے وطن، بڑھے چلو، بڑھے چلو
دلاورانِ تیغ زن بڑھے چلو، بڑھے چلو
بہادرانِ صف شکن بڑھے چلو، بڑھے چلو

**سوال نمبر ۵۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔** (3+3+3=9)

الف۔
کون کہتا ہے کہ موت آئی تو مر جاؤں گا
میں تو دریا ہوں سمندر میں اتر جاؤں گا
تیرا در چھوڑ کے میں اور کدھر جاؤں گا
گھر میں گھِر جاؤں گا صحرا میں بکھر جاؤں گا
تیرے پہلو سے جو اُٹھوں گا تو مشکل یہ ہے
صرف اک شخص کو پاؤں گا جدھر جاؤں گا

ب۔
یہ سوچ کر کہ تیری جبیں پہ نہ بَل پڑے
بس دُور ہی سے دیکھ لیا اور چَل پڑے
دل میں پھر اِک کسک سی اُٹھی مدتوں کے بعد
اِک عُمر کے رُکے ہوئے آنسو نکل پڑے
سینے میں بے قرار ہیں مُردہ محبتیں
ممکن ہے یہ چراغ کبھی خود ہی جل پڑے

**سوال نمبر ۶۔** ایک پُرانے کوٹ کی آپ بیتی تحریر کریں۔ (یا) (08)

کالج میں ہونے والے کسی میچ کا آنکھوں دیکھا حال لکھیں۔

**سوال نمبر ۷۔** کسی ایک عنوان پر تین سو سے چار سو الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کریں۔ (15)

الف۔ سائنس کا ارتقاء

ب۔ میری پسندیدہ شخصیت

ج۔ ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارہ

د۔ کفایت شعاری

www.eduvision.edu.pk

09

| ROLL NUMBER | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

| Version No. | | | |
|---|---|---|---|
| 8 | 0 | 3 | 4 |

# اردو(لازمی)ایچ ایس ایس سی -II

## حصہ اوّل (کُل نمبر 20)

وقت: 25 منٹ

**Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.**

*Do not use lead pencil.*

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**Answer Sheet No.** ____________

**Candidate Sign.** ____________

**Invigilator Sign.** ____________

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پر کریں۔

**Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:**

| | سوال | الف | ب | ج | د | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | ”شُترِ بے مہار“ کس کی مثال ہے؟ | مجازِ مرسل | تشبیہ | استعارہ | کنایہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 2. | ”مہمان کھانا کھا چکے ہیں“ اس جملے میں ”چکنا“ مصدر سے چکے کون سا فعل ہے؟ | معاون فعل | فعل ناقص | فعل حال | اصل فعل | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 3. | نوجوان نے احتیاط سے سڑک پار کی۔ اس جملے میں متعلق فعل کیا ہے؟ | احتیاط سے | سڑک | پار کی | نوجوان نے | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 4. | کسی چیز کو **جس سے** تشبیہ دی جاتی ہے اُسے کیا کہتے ہیں؟ | مشبہ | مشبہ بہ | حرفِ تشبیہ | وجہ شبہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 5. | ”رونا ہے اب ہنسی خوشی کا“ اس مصرعے میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ | صنعت تلمیح | صنعت حسن تعلیل | صنعت تضاد | صنعت تکرار | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 6. | غالب اپنا یہ عقیدہ ہے بقول ناسخ۔۔ ”آپ بے بہرہ ہے جو معتقدِ میر نہیں“ یہ شعر کس کی مثال ہے؟ | صنعت تلمیح | صنعت تضاد | صنعت تکرار | صنعت تضمین | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 7. | علم بیان کی کتنی اقسام ہیں؟ | تین | چار | پانچ | دو | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 8. | استفہامی جملوں کے آخر میں کون سے علامت استعمال ہوتی ہے؟ | ! | : | :- | ؟ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 9. | ”جاہ و حشمت“ قواعد کی رو سے کیا ہے؟ | مرکب تام | مرکب اضافی | مرکب عطفی | مرکب توصیفی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 10. | پانچ مصرعوں پر مشتمل نظم کو کیا کہتے ہیں؟ | معریٰ | مخمس | آزاد | مسدس | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 11. | ”زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری“ اس مصرعہ میں ”کی صورت“ کون سا حرف ہے؟ | حرف جار | حرف عطف | حرف تاکید | حرف تشبیہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 12. | غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال نہ کرے، کیا کہلاتا ہے؟ | مطلع ثالث | مقطع | آخری شعر | مطلع | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 13. | ”میں نے خط لکھ لیا۔“ میں لکھنا مصدر سے ”لکھ“ کون سے فعل ہے؟ | اصل فعل | فعل ناقص | فعل ماضی | معاون فعل | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 14. | کسی غزل یا نظم کے اشعار کے آخر میں دہرنے جانے والے الفاظ کیا کہلاتے ہیں؟ | قافیہ | متضاد | مترادف | ردیف | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 15. | ”مجھے صدیق کی بات کا یقین ہے کیوں کہ وہ سچ بولتا ہے۔“ کس جملے کی مثال ہے؟ | سببی جملہ | مفرد جملہ | تابع جملہ | استدراکی جملہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 16. | سمجھا رہے تھے مجھ کو سبھی ناصحانِ شہر<br>پھر رفتہ رفتہ خُود اُسی کافر کے ہوگئے<br>کس کی مثال ہے؟ | صنعتِ تکرار | صنعتِ تضاد | صنعتِ تجنیس | صنعتِ تلمیح | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 17. | کسی شخصیت کی ایسی قلمی تصویر جس میں اس کے ظاہری اور باطنی اوصاف بیان کیے جائیں، ____ کہلاتا ہے۔ | مضمون | خاکہ | ڈرامہ | سوانح | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 18. | شور برپا ہے خانۂ دل میں<br>کوئی دیوار سی گری ہے ابھی<br>کس کی مثال ہے؟ | صنعتِ تلمیح | صنعتِ تضاد | صنعتِ تجنیس | صنعتِ لف و نشر | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 19. | کسی کو مخاطب کرنے کے لیے کون سی علامت استعمال ہوتی ہے؟ | () | ؟ | ! | “” | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 20. | کسی صنفِ ادب میں، تاریخی واقعے یا روایت کی طرف اشارہ کرنے کو کیا کہتے ہیں؟ | تنقید | تلمیح | توضیح | تشبیہ | ○ | ○ | ○ | ○ |

www.eduvision.edu.pk

——2HA-I 2303 HA ——



IIII

10

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی - II

وقت: 2:35 گھنٹے　　　　کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم: 80

**نوٹ:** حصّہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہیں۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوئم (کُل نمبر 36)

**سوال نمبر ۲: (الف) حصہ نثر:**

**پیراگراف پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات میں سے پانچ کے جوابات لکھیں:** (5 x 3 = 15)

شریف حسین کلرک درجہ دوم معمول سے کچھ سویرے دفتر سے نکلا اور اس بڑے پھاٹک کے باہر آکر کھڑا ہو گیا جہاں سے تانگے والے شہر کی سواریاں لے جایا کرتے تھے۔ گھر کو لوٹتے ہوئے آدھے راستے تک تانگے میں سوار ہو کر جانا ایک ایسا لطف تھا جو اسے مہینے کے شروع کے صرف چار پانچ روز ہی ملا کرتا تھا۔ اور آج کا دن بھی انھی مبارک دنوں میں سے ایک تھا۔ آج خلاف معمول تنخواہ کے آٹھ روز بعد بھی اس کی جیب میں پانچ روپے کا نوٹ اور کچھ آنے پیسے پڑے تھے۔ وجہ یہ تھی کہ اس کی بیوی مہینے کے شروع ہی میں بچوں کو لے کر میکے چلی گئی تھی اور گھر میں وہ اکیلا رہ گیا تھا۔ دن میں دفتر کے حلوائی سے دو چار پوریاں لے کر کھالی تھیں اور اُوپر سے پانی پی کر پیٹ بھر لیا تھا۔ رات کو شہر کے کسی سستے ہوٹل میں جانے کی ٹھہرائی تھی۔ بس بے فکری ہی بے فکری تھی۔

**سوالات:**

(i) شریف حسین کا عہدہ کیا تھا؟
(ii) آج کا دن شریف حسین کے لیے کیوں مبارک تھا؟
(iii) شریف حسین کے لیے آج کیا چیز خلافِ معمول تھی؟
(iv) "بس بے فکری ہی بے فکری تھی۔" اس جملے کی وضاحت کریں۔
(v) شریف حسین گھر میں کیوں اکیلا رہ گیا؟
(vi) شریف حسین نے دن کے وقت اپنا پیٹ کیسے بھرا؟
(vii) مندرجہ بالا پیراگراف کی تلخیص کریں۔

**ب۔ حصہ نظم:**

**مندرجہ ذیل اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات میں سے تین کے جوابات لکھیں:** (3 x 3 = 09)

پیر گردوں نے کہا سُن کے، کہیں ہے کوئی!　　بولے سیارے، سرِ عرشِ بریں ہے کوئی!
چاند کہتا تھا، نہیں، اہلِ زمیں ہے کوئی!　　کہکشاں کہتی تھی، پوشیدہ یہیں ہے کوئی
کچھ جو سمجھا مرے شکوے کو تو رضواں سمجھا
مجھے جنت سے نکالا ہُوا انساں سمجھا

**سوالات:**

(i) شاعر کا شکوہ سُن کر آسمان نے کیا کہا؟
(ii) شکوہ سُن کر چاند کی کیا رائے تھی؟
(iii) آپ کے خیال میں شاعر کے شکوے کو "رضوان" کیوں سمجھ پایا ہو گا؟
(iv) مندرجہ بالا بند کا مرکزی خیال لکھیں۔

(یا)

بادلو! دُھند کی مانند بکھرنا سیکھو　　اِک رِدا بن کے بکھر جاؤ مری دنیا پر
اپنے دامن میں چھپا لو مرے سب بچوں کو　　یہ بلکتے ہوئے، ہنستے ہوئے معصوم سے لوگ
جن کے ہاتھوں میں کھلونے ہیں، زرو سیم کا بار
یوں بکھر جاؤ کہ اک دل کو بھی محسوس نہ ہو

**سوالات:**

(i) شاعر نے بادلوں کو کیا نصیحت کی ہے؟
(ii) شاعر نے دوسرے شعر میں بچوں کی کیا کیفیت بیان کی؟
(iii) "یوں بکھر جاؤ کہ اک دل کو بھی محسوس نہ ہو" اس مصرعے کا مفہوم بیان کریں۔
(iv) مندرجہ بالا بند کا مرکزی خیال لکھیں۔

**(ج) حصہ غزل:**

**مندرجہ ذیل اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات میں سے کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیں:** (2 x 3 = 06)

(i) مہینے وصل کے گھڑیوں کی صورت اُڑتے جاتے ہیں
مگر گھڑیاں جدائی کی گزرتی ہیں مہینوں میں

(ii) حقیقت ہے کہ احباب کو ہم
یاد ہی کب تھے کہ اب یاد، نہیں

(iii) سورج سی اُس کی طبع ہے، شعلہ سا اُس کا رنگ
چُھو جائے اُس بدن کو تو پانی اُبل پڑے

**سوالات:**

(i) کس حالت میں وقت مشکل سے گزرتا ہے؟ (بحوالہ شعر نمبر i)
(ii) شاعر کو اپنے احباب سے کیا گلِہ ہے؟ (بحوالہ شعر ii)
(iii) پانی کے اُبلنے کی کیا وجہ بیان کی گئی ہے؟ (بحوالہ شعر iii)

www.eduvision.edu.pk

(د) حصہ قواعد:

کوئی سے دو سوالوں کے جوابات لکھیں: (2 x 3 = 06)

(i) مطلع کی مختصر وضاحت کریں اور ایک مثال سے واضح کریں۔

(ii) درج شدہ جملوں میں سے امدادی فعل تلاش کریں۔ قلم ہاتھ سے گر پڑا۔ نُور نے کھانا کھالیا۔ سورج ڈوب چکا ہے۔

(iii) "ذرہ ذرہ تیری مشتِ خاک کا معصوم ہے" اس مصرعے میں کون سے صنعت استعمال ہوئی ہے؟ اس صنعت کی مختصر وضاحت بھی کریں۔

## حصہ سوئم (کُل نمبر 44)

**سوال نمبر ۳: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں:** (06)

الف۔ اعلیٰ تعلیم کے لیے دور دراز مسافتوں کا طے کرنا اور متعدد اہل کمال کی خدمات میں پہنچ کر فائدہ اُٹھانا نہایت ضروری خیال کیا جاتا تھا۔ مشہور اہل فن کی لائف چھان ڈالو۔ اس زمانے میں ایک مشہور فاضل جو سفر کی زحمت اُٹھائے بغیر اپنے فن میں نامور ہو اس زمانے کے لوگ ہمیشہ اس کو حیرت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ بغداد، نیشاپور، قرطبہ وغیرہ میں گوہر فن کے کامل شناسا موجود تھے مگر ان شہروں کے رہنے والے بھی مشرق و مغرب کی خاک چھانے بغیر نہیں رہتے تھے۔

ب۔ ایک مرتبہ بہت عرصہ پہلے یہ بھی سُننے میں آیا تھا کہ ایک سکول ٹیچر سے شادی کرلی ہے، جس پر حیرت بھی ہوئی تھی کہ اچھا، کوئی ایسی بھی حوصلے والی ہو سکتی ہے۔ جس نے نہ صرف ایک انڈر میٹرک کی شریکِ حیات بننا قبول کیا بلکہ ایک عرصے تک اس کی زندگی کی چھکڑا گاڑی کا ایک مضبوط پہیا بلکہ اسٹیرنگ بن کر بڑی ہمواری سے چلنے میں مدد دیتی رہی اور یہ سُن کر خوشی ہوئی کہ چلو اب وہ بھی چین سے بیٹھی ہو گی۔

**سوال نمبر ۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی آسان لفظوں میں تشریح کریں۔** (06)

الف۔
چمکتی کار فراٹے سے گزری
غبارِ رَہ نے لی کروٹ تو جاگا
اُٹھا اِک دو قدم تک ساتھ بھاگا
پیاپے ٹھوکروں کا یہ تسلسل
یہی پرواز بھی، اُفتادگی بھی
متاعِ زیست اس کی بھی، میری بھی

ب۔
وہ روح میں انوار خدا، صبح وہ صادق
وہ حُسن جسے دیکھ کے ہر آنکھ ہو عاشق
وہ سادگی انسان کی فطرت کے مطابق
زریں وہ اُفق، نُور سے لبریز وہ مشرق
وہ نغمہء داؤدؑ پرندوں کی صدا میں
پیراہنِ یوسفؑ کی وہ تاثیر ہوا میں

**سوال نمبر ۵۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔** (3+3+3=9)

الف۔
آکے پتھر تو میرے صحن میں دو چار گرے
جتنے اُس پیڑ کے پھل تھے پسِ دیوار گرے
مجھے گرنا ہے تو میں، اپنے ہی قدموں میں گروں
جس طرح سایہ دیوار پہ دیوار گرے
تیرگی چھوڑ گئے دل میں، اُجالے کے خطوط
یہ ستارے میرے گھر ٹوٹ کے، بے کار گرے

ب۔
مل کے بیٹھے نہیں، خوابوں میں شراکت نہیں کی
اور کیا رشتہ ہو تجھ سے جو محبت نہیں کی
یہیں پھرتے ہیں شریف آدمیوں کی صورت
دشت میں خاک اُڑائی نہیں، وحشت نہیں کی
خاص ہم سے تو کوئی تھا ہی نہیں تیرا سلوک
اور، ہم نے بھی ترے ساتھ رعایت نہیں کی

**سوال نمبر ۶۔** ایک پرانی کُرسی کی آپ بیتی تحریر کریں۔ (یا) (08)
کالج میں ہونے والے کسی کھیل کے ایک مقابلے کا آنکھوں دیکھا حال لکھیں۔

**سوال نمبر ۷۔** کسی ایک عنوان پر تین سو سے چار سو الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کریں۔ (15)

الف۔ منشیات ایک لعنت ہے
ب۔ میری پسندیدہ ادبی کتاب
ج۔ سائنس کے کرشمے
د۔ ہماری پہچان ہمارا وطن

www.eduvision.edu.pk